# محکمہ انجینئرنگ وکنسٹرکشن (شعبہ تعمیرات) جامعہ زرعیہ فیصل آباد

پرانی اورناکارہ عمارتوں کا ملبہ برائے فروخت

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یونیورسٹی کی پرانی و ناکارہ عمارتیں کچا احاطہ وغیرہ کے ملبے کا نیلام جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مورخہ 10 اکتوبر 2024ء بروز جمعرات دن 2 بجے درج ذیل شرائط پر کی جائے گی اور خواہش مند بولی دہندگان کیلئے درج ذیل قوائد وضبط وشرائط پر عمل کرنا لازم ہوگا۔

**شرائط نیلام:۔**

i۔ قومی شناختی کارڈ کی کاپی دفتر میں جمع کروانا ہوگی۔

ii۔ 50 ہزار کا CDR بنام ایگزیکٹو انجینئر (ECD-M) بولی سے پہلے دفتر میں جمع کروانا ہوگا۔

iii۔ اپنی پیشکش پاکستانی روپے میں ہوگی۔

1۔ بولی جیتنے کی صورت میں فائلر کیلئے 10 فیصد جبکہ نان فائلر کیلئے 20 فیصد ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

2۔ بولی دہندگان کو بولی جیتنے کی صورت میں بولی کی کل رقم کا ایک تہائی 1/3 حصہ نیلامی کمیٹی کو موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ آکشن کمیٹی کی ہدایت کے مطابق آفیسر / مجاز اتھارٹی کی جانب سے بولی کی منظوری کے بعد بقیہ تمام رقم بمعہ واجب ٹیکس 3 دن کے اندر جمع کرواکر بولی شدہ سامان منظوری کے بعد 15 دن میں لیجانے کی اجازت ہوگی۔ بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق یونیورسٹی سرکار ضبط کرلی جائیگی اور بولی شدہ سامان دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی رضامندی پر سابقہ منظور شدہ ریٹ (بلند ترین بولی) کے تحت دوسری پارٹی کے حوالے کیا جائیگا۔

3۔ آفیسر / مجاز اتھارٹی بولی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

4۔ کسی بھی تنازعہ کی صورت میں وائس چانسلر کا فیصلہ بطور ثالث حتمی ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ ملبہ گرانے، اٹھانے کے دوران وہ تمام حفاظتی اقدامات یقینی بنائے گا جو محکمہ کی ہدایت کے مطابق ہونگے۔ کسی قسم کے نقصان کی یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔

نوٹ:۔ مذکورہ بالا تاریخ میں نیلامی میں / بولی کی ناکامی یا منسوخی کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 15 اکتوبر 2024ء بروز منگل اور دوسری بولی کی ناکامی یا منسوخی کی صورت میں تیسری بولی مورخہ 21 اکتوبر 2024ء بروز سوموار کو مذکورہ اوقات کے دوران ہی ہوگی۔

اگر کسی قسم کی معلومات درکار ہو تو فریق ایگزیکٹو انجینئر کے دفتر سے وقت سے پہلے لے سکتا ہے۔ فون نمبر: (041-9200507)

پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد پرنسپل آفیسر (ECD-M) (کنوینئر کمیٹی)۔ جامعہ زرعیہ فیصل آباد